رمضان دعائیں
سحری، افطاری، پہلا عشرہ، دوسرا عشرہ، تیسرا عشرہ
اور تراویح کی دعا بمعہ اردو ترجمہ
www.iqbalkalmati.blogspot.com

افطار کی دعا (دعآء افطار)

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ لَکَ صُمْتُ

وَبِکَ اٰمَنْتُ وَعَلَیْکَ تَوَکَّلْتُ

وَعَلٰی رِزْقِکَ اَفْطَرْتُ ط

اے اللہ میں نے تیرے ہی لیے روزہ رکھا

اور تجھ پر ایمان لایا اور تجھ پر بھروسہ کیا اور

تیرے ہی دیے ہوئے رزق سے افطار کیا

دوسرا عشرہ (عشرۃ ثانیہ)

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ رَبِّیْ مِنْ کُلِّ ذَنْبٍ وَّاَتُوْبُ اِلَیْہِ ط

میرے رب! میں اپنے گناہوں کی مغفرت چاہتا ہوں اور تیری جانب (توبہ کرتا) ہوں۔

پہلا عشرہ (عشرة اول)

يَا حَیُّ يَاقَيُّوْمُ

بِرَحْمَتِکَ اَسْتَغِيْثُ ط

اے زندہ اور قائم رب!

میں تیری رحمت کے حصول کی فریاد کرتا ہوں۔

سحری کی دعا (دعآء سحر)

وَبِصَوْمِ غَدٍ نَّوَيْتُ

مِنْ شَهْرِ رَمَضَانَ ط

اور میں کل کے روزے کی نیت کرتا ہوں

سحری کا انمول تحفہ

لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ الْقَآئِمُ

عَلٰی کُلِّ نَفْسٍ بِمَاْ کَسَبَتْ

فضیلت: جو شخص اس کو سحری کے وقت سات (۷) مرتبہ پڑھے گا اس کو ہر ستارے کے بدلے میں ہزار نیکیاں ملیں گی ہزار گناہ معاف کر دیے جائیں گے اور اتنے درجے بلند کر دیے جائیں گے۔

دعائے شب قدر

اَللّٰھُمَّ اِنَّکَ عَفُوٌّ کَرِیْمٌ تُحِبُّ

الْعَفْوَا فَاعْفُ عَنِّیْ

(ترمذی)

ترجمہ: اے اللہ بے شک تو معاف کرنے والا ہے، کرم کرنے والا ہے، معافی کو پسند کرنے والا ہے، پس مجھے معاف فرما۔

دعا تراویح (دعآء تراویح)

سُبْحَانَ ذِی الْمُلْكِ وَالْمَلَكُوتِ سُبْحَانَ ذِی

الْعِزَّةِ وَالْعَظْمَةِ وَالْهَيْبَةِ وَالْقُدْرَةِ

وَالْكِبْرِيَاءِ وَالْجَبَرُوتِ سُبْحَانَ الْمَلِكِ الْحَيِّ

الَّذِیْ لَا يَنَامُ وَلَا يَمُوتُ سُبُّوحٌ قُدُّوسٌ

رَبُّنَا وَرَبُّ الْمَلَائِكَةِ وَالرُّوحِ اللّٰهُمَّ

أَجِرْنَا مِنَ النَّارِ يَا مُجِيرُ يَا مُجِيرُ يَا مُجِيرُ

پاک ہے حکومت واقتدار والا، پاک ہے، عزت و

عظمت' ہیبت وقدرت اور بڑائی اور دبدبے والا۔

پاک ہے وہ زندہ جاوید بادشاہ جو نہ سوتا ہے نہ کبھی اس کے

لئے فنا ہے۔ نہایت پاک وبرتر' عیوب سے پاک ہے ہمارا

پروردگار اور فرشتوں کا پروردگار اور حضرت جبریل کا

پروردگار۔ اے اللہ ہمیں دوزخ کی آگ سے پناہ دے۔ اے

پناہ دینے والے، اے پناہ دینے والے، اے پناہ دینے والے

تیسرا عشرہ (عشرۃ ثلاثہ)

اَللّٰھُمَّ

اَجِرۡنِیۡ مِنَ النَّارِ ط

اے اللہ مجھے آگ کے عذاب سے بچالیں